فوری ریلیز کے لیے: 2025/7/10

گورنر KATHY HOCHUL

## گورنر HOCHUL نے میڈیسن کاؤنٹی میں قابل تجدید توانائی کے بڑے منصوبے کی منظوری کا اعلان کر دیا

***ریاست نیو یارک 2021 سے اب تک 28 بڑے پیمانے کے شمسی اور ہوا کے منصوبے منظور کر چکی ہے***

***اس تازہ ترین منصوبے سے مقامی معیشتوں کو تقویت مل رہی ہے، گرڈ کی قابل بھروسہ صورتحال بہتر ہو رہی ہے، اور تقریباً 23,000 گھروں تک صاف توانائی پہنچ رہی ہے***

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیو یارک کا دفتر برائے قابل تجدید توانائی (Office of Renewable Energy Siting and Electric Transmission, ORES) نے Cypress Creek Renewables کو میڈیسن کاؤنٹی کے ٹاؤن آف فینر میں Oxbow Hill Solar کی تیاری اور آپریٹ کرنے کا حتمی اجازت نامہ جاری کیا ہے جو 140 میگاواٹ (MW) کا سولر ایرے ہے۔ یہ منصوبہ اچھی تنخواہوں والی ملازمتیں پیدا کرے گا، گرڈ کی قابل بھروسہ صورتحال بہتر بنائے گا، لازمی بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کرے گا، اور مقامی اسکولوں اور کمیونٹی کی دیگر ترجیحات کے لیے ٹیکس کی آمدنی میں اضافہ کرے گا۔

"ہمیں شمسی ٹیکنالوجی میں اس تازہ ترین سرمایہ کاری کا اعلان کرتے ہوئے بے حد خوشی ہو رہی ہے، جس سے گرڈ کی قابل بھروسہ صورتحال بہتر بنانے اور صاف توانائی والی معیشت کی تعمیر کے ہمارے عزم مصمم کی تکمیل ہو رہی ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "پچھلے چند سالوں میں ہم نے جن منصوبوں کی منظوری دی ہے وہ پائیداری اور استحکام و لچکداری لانے کے لیے نیو یارک کے عزم مصمم کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔"

Oxbow Hill Solar کی شمسی سہولتگاہ نیو یارک کے الیکٹرک گرڈ میں 140 میگا واٹ ماحول دوست، قابل تجدید توانائی شامل کرے گا اور ساتھ ہی 177,000 میٹرک ٹن $CO_2$ کا اثر زائل کرتے ہوئے تقریباً 23,000 اوسط سائز کے گھرانوں کو بجلی فراہم کرے گا۔

اس نئی شمسی سہولتگاہ میں سولر ایرے اور اس سے منسلک سپورٹ آلات ہوں گے اور انکے علاوہ ایک انٹر کنکشن سب اسٹیشن، باڑ، آسان رسائی والی سڑکیں، اور آپریشنز اور دیکھ بھال کے امور کے لئے عمارت بھی بنائی جائے گی۔ یہ سہولتگاہ Fenner Wind سے وائٹ مین روڈ تک جانے والی 115 kV ٹرانسمیشن لائن کے ذریعے، جو National Grid کی ملکیت ہے اور وہی اسے آپریٹ کرتے ہیں، نیو یارک کے الیکٹریکل گرڈ سے منسلک ہو جائے گی۔ Oxbow Hill موجودہ Fenner Wind Farm کے ایک حصے پر واقع ہے، جس سے وہ ایسا پہلا ORES پرمٹ بن گئی ہے جہاں کوئی شمسی سہولتگاہ کسی ہوائی سہولتگاہ کے ساتھ ایک ہی مقام پر واقع ہیں۔

اس منصوبے کو قانون کے تحت مطلوبہ ایک سال کے ٹائم فریم سے بھی کم وقت میں منظور کیا گیا تھا، اور اسکا اجراء ایک مکمل، بروقت، اور شفاف جائزہ عمل کے بعد کیا گیا تھا جس میں کھلی کچہریاں اور عوامی سماعتیں شامل تھیں۔

**دفتر برائے قابل تجدید توانائی کی سائیٹنگ اور الیکٹرک ٹرانسمیشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Zeryai Hagos (زریائی ہاگوس) نے کہا،** "اب جبکہ ریاست صاف اور قابل تجدید توانائی کے 4 گیگا واٹس کے قریب پہنچ رہی ہے جو

ایک تاریخی کامیابی ہے، تو اس سے ہماری یاد دہانی ہو رہی ہے کہ نیو یارک کی بڑھتی ہوئی توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے ابھی ہمیں بہت کام کرنا ہے۔ ORES کمیونٹی میں رہنے والوں کی آراء اور تاثرات اور ماحول کی حفاظت کا خیال رکھتے ہوئے صاف توانائی سے متعلقہ نیو یارک کی ملک کی سرکردہ پالیسیوں پر عمل کرنے کے اقدامات جاری و ساری رکھے گا۔"

اس منصوبے سے تعمیر کے دوران مجموعی طور پر 330 ملازمتیں پیدا ہونے کی توقع ہے اور یہ سنہ 2021 سے ORES کے منظور شدہ صاف توانائی کے 24 منصوبوں کی عکاسی کر رہا ہے جب اسکا قیام قابل تجدید توانائی پیدا کرنے کے پرمٹ جاری کرنے کی رفتار بڑھانے کے لیے عمل میں آیا تھا۔ ریاست نیو یارک نے 2021 سے اب تک 28 بڑے پیمانے والے شمسی اور ہوائی منصوبوں کی منظوری دی ہے، بشمول ORES کی طرف سے اجازت یافتہ 24 منصوبے اور NYS سائٹنگ بورڈ (NYS Siting Board) کی طرف سے منظور شدہ چار منصوبے جنہیں آرٹیکل 10 کے تحت منظور کیا گیا تھا جو ORES کے قیام سے قبل 25-MW سے زیادہ کے شمسی اور ہوائی منصوبوں کو کنٹرول کرنے والا قانون تھا۔ یہ 28 اجازت یافتہ سہولتگاہیں 3.9 گیگا واٹ کی صاف اور قابل تجدید توانائی کی نمائندگی کرتی ہیں۔

ان سہولت گاہوں کے لیے ORES کا فیصلہ مضبوط عوامی شرکت والے ایک تفصیلی اور شفاف جائزے کے عمل کے بعد سامنے آیا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ مجوزہ منصوبہ ریاست نیو یارک پبلک سروس قانون (New York State Public Service Law) کے آرٹیکل VIII اور اس کے نفاذ کے ضوابط کے تقاضوں پر پورا اترتا ہو یا ان سے تجاوز کرتا ہو۔ Oxbow Hill Solar کی درخواست کو 18 نومبر، 2024 کو باضابطہ طور پر مکمل گردانا گیا تھا اور ORES کی جانب سے 14 جنوری، 2025 کو اسکا ڈرافٹ پرمٹ جاری کیا گیا تھا۔ شمسی توانائی کا یہ منصوبہ نیو یارک کے صاف توانائی کے اہداف میں ایک بامعنی پیشرفت ہے اور ساتھ ہی اس ریاست کو قابل تجدید توانائی کی بڑی سہولت گاہوں کی سائٹنگ پرمٹنگ کاروائی کا ایک مؤثر، شفاف، اور مکمل نمونہ بھی ثابت کر رہا ہے۔

آج کے فیصلے ORES کی ویب سائٹ پر جا کر حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

**رکن اسمبلی Al Stirpe (ال سٹرائپ) نے کہا،** "نیو یارک کی توانائی کی معیشت کو مضبوط بنا کر، ہم خود کو نہ صرف بجلی کی بڑھتی ہوئی طلب پوری کرنے بلکہ پائیدار طریقے سے ایسا کرنے کے لیے عمدہ پوزیشن پر رکھ رہے ہیں۔ میڈیسن کاؤنٹی میں لگایا جانے والا شمسی ایرے ہمیں اپنے آب و ہوا اور توانائی کے اہداف تک پہنچنے کی جانب ایک قدم اور قریب لا رہا ہے۔ قابل تجدید توانائی کا ہر بڑا منصوبہ آب و ہوا کے حوالے سے ایسے اہم اقدامات کرنے میں مدد دیتا ہے جنکی ہماری ریاست کو فوری ضرورت ہے، اور ساتھ ہی اس سے سینکڑوں مقامی ملازمتیں اور کمیونٹی کی ترجیحات کے لیے آمدنی کے نئے مواقع بھی پیدا ہوتے ہیں۔ ایک ایسے وقت میں جب وفاقی حکومت صاف توانائی کی ترقی و پیشرفت کو خطرے میں ڈال رہی ہے، تو نیو یارک آنے والی مدتوں تک قابل تجدید اور موثر توانائی کی فراہمی کے اپنے عزم صمیم پر پوری طرح قائم و دائم ہے۔"

**ریاست نیو یارک کا ماحولیاتی ایجنڈا**

ریاست نیو یارک کا ماحولیاتی ایجنڈا ایک صاف توانائی والی معیشت کی جانب ارزاں اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کرتا ہے جو خاندانوں کو سہارا دینے والی ملازمتیں پیدا کرے، سبز سرمایہ کاریوں کے ذریعے اقتصادی ترقی کو فروغ دے، اور کم از کم 35 فیصد فوائد پسماندہ کمیونٹیز کی طرف مرکوز کرے۔ نیو یارک کی جانب سے 2050 تک اخراجوں سے پاک معیشت حاصل کرنے کے لیے توانائی، عمارات، نقل و حمل، اور کچرے کے شعبوں میں متعدد اقدامات میں پیش رفت کی جا رہی ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں